मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمانی ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی جامعہ
(این اے اے سی سے منظور شدہ ''اے'' گریڈ)

مسل نمبر: مانو/اکیڈ/مسل 87/2019-20/05 — 28/جون 2019

اعلامیہ

مجلسِ عاملہ نے 17/مئی 2019 (بحوالہ قرارداد نمبر 74.4.3) کو منعقدہ اپنے 74ویں اجلاس میں مجلسِ تعلیمی کے 34ویں اجلاس منعقدہ 7/مارچ 2019 کی سفارشات پر غور کیا۔ مجلسِ تعلیمی نے یونیورسٹی مراکز کی تنظیمِ نو کے پیشِ نظر مراکز کے ڈائرکٹروں اور پروفیسروں کو متعلقہ اسکول بورڈ میں بطور اراکین شامل کرنا طئے کیا ہے۔ اسکول بورڈ کی موجودہ ہیئت کو مجلسِ تعلیمی نے اپنے 26ویں اجلاس منعقدہ 28/اپریل 2017 (بحوالہ قرارداد نمبر 26.5.01) میں پہلے ہی منظور کرلیا تھا۔

(2) لہٰذا، اسکول برائے آرٹس وسوشل سائنسز، اسکول برائے تعلیم وتربیت اور اسکول برائے السنہ، لسانیات وہندوستانیات کے اسکول بورڈ کی نظرِ ثانی شدہ ہیئت یونیورسٹی قوانین کے قاعدہ 16(2) کے مطابق حسبِ ذیل ہوگی۔

(i) ڈین برائے اسکول آف اسٹڈیز (صدرنشین)

(ii) متعلقہ اسکول آف اسٹڈیز کے تمام صدورِ شعبہ جات

(iii) اسکول آف اسٹڈیز کے تمام مراکز کے ڈائرکٹرس۔

(iv) اسکول آف اسٹڈیز کے تمام پروفیسرس۔

(v) شعبہ/ادارے کے سب سے سینئر اسوسیئٹ پروفیسر جو ہر دو سال میں تبدیل ہوں گے۔

(vi) شعبہ/ادارے کے سب سے سینئر اسسٹنٹ پروفیسر جو ہر دو سال میں تبدیل ہوں گے۔

(vii) وائس چانسلر کے نامزد کردہ دیگر اسکولس کے دو پروفیسرس۔

(viii) وائس چانسلر کے نامزد کردہ تین بیرونی اراکین جن کی مدت دو سال ہوگی۔

(ix) کالج/ادارے/پالی ٹیکنیک کے پرنسپل/انچارج#

(#) گشتی نمبر مانو/منتظمہ وبھرتی-I (ڈی ایل)/مسل 30/2018-19/1543/1 مورخہ 6/فروری 2019ء کے مطابق کفایتی اقدامات کے تابع

3. اسکول بورڈ میں حسبِ ضرورت نئے ارکان کی نظرِ ثانی شدہ ہیئت کے مطابق شمولیت کے لیے متعلقہ ڈین اور صیغۂ تعلیمات وائس چانسلر کی منظوری حاصل کریں گے۔

4. مزید برآں مجلسِ تعلیمی کے گذشتہ (35ویں) اجلاس میں منعقدہ 16/مئی 2019ء، یہ پایا گیا کہ بعض اسکولوں کے ڈین نے اسکول بورڈ اجلاس کے انعقاد میں تاخیر کی ہے۔ سابق میں مجلسِ عاملہ میں منظورہ مسودہ آرڈیننس کے مطابق اسکول بورڈ کی معمول کی میٹنگ ایک سمسٹر

میں دو مرتبہ منعقد ہوگی تاکہ متعلقہ شعبے کی بورڈ آف اسٹڈیز کی سفارشات پر غور کیا جاسکے۔ (نقول مشاہدہ کے لیے منسلک ہیں)۔ چنانچہ اسکولس کے تمام ڈینس کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ اس ضمن میں اے سی اور ای سی کے مصرحہ شیڈول کی حتی المقدور پابندی کریں۔

رجسٹرار

نقل برائے:

1. ڈین برائے اسکولس آف اسٹڈیز
2. صدور شعبہ جات/ ڈائرکٹرس مراکز (سی ڈبلیو ایس، اے سی ایس ایس ای آئی پی، ایچ کے ایس سی ڈی ایس، سی پی ڈی یو ایم ٹی، سی یو سی ایس)
3. پرنسپلس/ انچارج سٹیلائٹ کیمپس (بڈگام اور لکھنؤ)/ پرنسپلس سی ٹی ایز/ پرنسپلس پالی ٹیکنیکس
4. جوائنٹ ڈین (تعلیمات)/ ڈائرکٹر آئی کیو اے سی/ ڈائرکٹر ڈی ڈی ای
5. دفاتر وائس چانسلر/ پرووائس چانسلر/ رجسٹرار/ افسر مالیہ/ کنٹرولر امتحانات/ لائبریرین
6. ڈائرکٹر، سی آئی ٹی، یونیورسٹی ویب سائٹ پر اپلوڈ کرنے کے لیے
7. افسر تعلقات عامہ و ہندی آفیسر برائے اردو اور ہندی ترجمہ
8. دفتری نقل